Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Urdu) III Semester Examination, December 2023

Paper : MAUR304CCT : Ghair Afsanvi Adab ki Ahem Asnaf ka Mutalia

پرچہ: غیر افسانوی ادب کی اہم اصناف کا مطالعہ

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال: 1

i. مولانا الطاف حسین حالی نے سر سید احمد خاں کی سوانح کس عنوان سے لکھی۔

(a) سوانح سر سید (b) حیات جاوید (c) حیات سر سید (d) حیات مصلح قوم

ii. ادا جعفری کی خودنوشت کا عنوان 'جو رہی سو بے خبری رہی' کس شاعر کے شعر سے ماخوذ کیا گیا ہے۔

(a) ولی دکنی (b) سراج اورنگ آبادی (c) مصحفی (d) انشا

iii. خاکہ 'کندن' رشید احمد صدیقی کی کس کتاب میں شامل ہے۔

(a) ہم نفسان رفتہ (b) گنج ہائے گراں مایہ (c) خنداں (d) آشفتہ بیانی میری

iv. کس مصنف نے اپنی تصنیف ''اردو سفر نامے کی مختصر تاریخ'' میں یوسف خاں کمبل پوش کے سفر نامے 'عجائبات فرنگ' کے بجائے ''تاریخ افغانستان'' از سید فدا حسین کو اردو کا پہلا سفر نامہ قرار دیا ہے۔

(a) انور سدید (b) خالد محمود (c) قطب الدین شہاب (d) مرزا حامد بیگ

v. کرشن چندر کی رپورتاژ پودے میں کس شہر میں منعقد ہوئے ترقی پسند تحریک کے اجلاس کی روداد بیان کی گئی ہے۔

(a) دہلی (b) لکھنو (c) حیدرآباد (d) ممبئی

vi. مجتبیٰ حسین نے جاپان کا سفر کب کیا تھا۔

(a) 1960ء (b) 1970ء (c) 1975ء (d) 1980ء

vii. غبار خاطر کے مخاطب کون ہیں۔

(a) حبیب الرحمن خان شیروانی (b) ہمایوں کبیر (c) غلام السیدین (d) عبدالغفار خان

viii. جوش ملیح آبادی کی خودنوشت کا نام کیا ہے۔

(a) یادوں کے سایے میں (b) یادوں کی رہ گزر (c) یادوں کی برات (d) یادوں کا گلستان

ix. سیرت النبی ﷺ کی دو جلدیں علامہ شبلی نعمانی نے لکھیں اور باقی چار جلدیں ان کی وصیت کے مطابق کس نے مکمل کیں۔

(a) مولانا عبدالماجد دریابادی (b) مولانا سید سلیمان ندوی (c) مولانا شوکت علی (d) مولانا سید سلیمان اشرف

x. مولانا آزاد کی تصنیف ''تذکرہ'' کس نوعیت کی کتاب ہے۔

(a) خودنوشت سوانح (b) خطوط کا مجموعہ (c) شعری مجموعہ (d) سفرنامہ

حصہ دوم

2. نام دیو مالی جو کہ ایک عام انسان ہے مولوی عبدالحق نے اس کی شخصیت کی کون سی خصوصیات سے متاثر ہو کر اس کا خاکہ لکھا۔

3. مضمون اور انشائیے کے درمیان فرق کو مثالوں سے واضح کیجیے۔

4. غبار خاطر کے حوالے سے مولانا ابوالکلام آزاد کی خطوط نگاری کا جائزہ لیجیے۔

5. ''دکن سا نہیں ٹھار سنسار میں'' میں قرۃ العین حیدر نے دکن کی تاریخ و تہذیب کے حوالے سے جو گفتگو کی ہے اس پر تبصرہ کیجیے۔

6. مشتاق احمد یوسفی نے اپنی انشا پردازی کا کمال دکھاتے ہوئے کس طرح سے مزاح تخلیق کیا ہے مثالوں سے واضح کیجیے۔

7. ادا جعفری کی خودنوشت 'جو رہی سو بے خبری رہی' کی روشنی میں ان کے علمی و ادبی سفر پر اظہار خیال کیجیے۔

8. سوانح نگاری کے فن اور اس کے مآخذ پر روشنی ڈالیے۔

9. ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔

(a) خاکہ نگاری (b) انشائیہ نگاری (c) رپورتاژ نگاری (d) سفرنامہ نگاری

حصہ سوم

10. غالب کی مکتوب نگاری کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

11. مجتبیٰ حسین نے سفرنامہ جاپان چلو جاپان چلو میں جاپانی قوم کی تہذیب و تمدن کو کس طرح سے بیان کیا ہے مثالوں سے واضح کیجیے۔

12. مرزا فرحت اللہ بیگ کے خاکہ 'ڈپٹی نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی' کو اردو کا پہلا باضابطہ خاکہ کیوں کہا جاتا ہے مدلل بحث کیجیے۔

13. یادگار غالب کے حوالے سے حالی کی سوانح نگاری پر گفتگو کیجیے۔

14. اردو میں میں خودنوشت سوانح نگاری کی روایت پر روشنی ڈالیے۔

s☆☆☆